ترجمہ: ''اور ہر زندہ چیز کو ہم نے پانی سے پیدا کیا۔'' (القرآن)

# واسا نیوز

فیصل آباد

سہ ماہی

جلد دوم

شمارہ نمبر 8

اکتوبر تا دسمبر 2016ء







## ﴾القرآن﴿

کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں۔ (البقرۃ ۷۷)

## ﴾حدیث مبارک﴿

تم میں سے مومن نہیں ہوتا جب تک وہ نہ چاہے اپنے بھائی یا اپنے ہمسایہ کے لئے جو وہ اپنے لئے چاہتا ہے۔ (صحیح مسلم)

## ﴾فرمانِ قائد﴿

مجھے یقین ہے کہ آپ پاکستان کے ہلالی پرچم کو سربلند رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اپنی عظیم قوم کی عزت و وقار کو برقرار رکھیں گے۔ (۱۵۔اپریل ۱۹۴۸ء)

## ﴾فکرِ اقبال﴿

نہ تو زمیں کے لئے ہے نہ آسماں کے لئے
جہاں ہے تیرے لئے، تُو نہیں جہاں کے لئے



**سید زاہد عزیز**
مینجنگ ڈائریکٹر واسا / سرپرستِ اعلیٰ



**جبار انور چوہدری**
ایڈیٹر انچیف



سید ہاشم گیلانی ایڈیٹر واسا نیوز فیصل آباد

**ایڈریس**
پوسٹ بکس نمبر 229 فیصل آباد
رابطہ نمبر 041-9210065, 0313-7201020
ای میل editorwasanews@yahoo.com

# منصوبہ برائے تعمیر
# ایسٹرن ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ

واسا فیصل آباد نے 20 ارب روپے کی لاگت سے پنجاب کا پہلا ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت اس منصوبے سے شہر کے مشرقی حصہ کے سیوریج اور صنعتوں کے فاضل پانی کو قابلِ استعمال بنانے کے لئے 269 ایکٹر اراضی پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تنصیب 2017ء میں عمل میں لائی جائے گی۔

ابتدائی مرحلہ میں منصوبہ کی فزیبلٹی سٹڈی و دیگر فنی و تکنیکی پہلوؤں کے جائزہ کے لئے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ذیلی ونگ PPP سیل کی طرف سے واسا فیصل آباد کو کنسلٹنٹ کے انتخاب کی اجازت دے دی گئی ہے۔ ویسٹ واٹر پلانٹ کی تکمیل سے کھڑریانوالہ کے صنعتی اداروں سمیت شہر کے مشرقی حصہ کے کم و بیش 80 فیصد ویسٹ واٹر کو قابلِ استعمال بنانے میں مدد ملے گی۔

قبل ازیں واسا فیصل آباد کی جانب سے چکیرہ کے مقام پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پونڈز بنائے گئے تھے جو کہ شہر کے مغربی حصے کے یومیہ 20 ملین گیلن گھریلو ویسٹ واٹر کو صاف کرنے کی صلاحیت کا حامل ہے۔ جب کہ زیرِ غور پلانٹ اپنی نوعیت کا پنجاب کا پہلا ٹریٹمنٹ پلانٹ ہو گا۔ جو دوسرے واٹر اینڈ سینی ٹیشن اداروں کے لئے رول ماڈل ہو گا۔ اس حوالے سے حکومتِ پنجاب اور ترکی کی فرم کے درمیان معاہدہ طے پا گیا ہے۔ جبکہ اس پر اخراجات اور دیگر ٹیکنیکل آبزرویشنز کے لئے کنسلٹنٹ کا انتخاب بذریعہ ٹینڈر کر لیا جائے گا۔



# ویتنام کا مطالعاتی دورہ

ورلڈ بنک اور حکومتِ پاکستان کے تعاون سے واٹر اینڈ سینی ٹیشن ٹیکنیکل اسسٹنس پروگرام (TAP) زیرِ اہتمام واسا فیصل آباد کے 8 اہلکاران پر مشتمل ایک وفد نے وائس چیئرمین واسا کی زیرِ قیادت ویتنام کا مطالعاتی دورہ کیا۔ TAP کا مقصد فراہمی و نکاسی آب کی سروسز میں اصلاحات لانا، مزید بہتری کی گنجائش کرنا اور NRW (نان ریونیو واٹر) جیسے مسائل پر قابو پانے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ اسی تناظر میں اس مطالعاتی دورے کا مقصد مذکورہ بالا شعبوں کے حوالے سے جانکاری اور اس کے فریم ورک سے آگاہی حاصل کرنا تھی۔






مینجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز کی زیرِ صدارت ماسٹر پلان کے حوالے سے جائیکا ایکسپرٹ مسٹر تاکاشی ہوسینو واسا افسران کے تربیتی دورہ جاپان کی رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔



# ہیلتھ اینڈ سیفٹی سیل کا قیام

جان ہے تو جہان ہے، اس مقولے کے مطابق واسا فیلڈ سٹاف کی حفاظت اور حفاظتی اقدامات سے متعلق آگہی کے لئے واسا فیصل آباد نے ''ہیلتھ اینڈ سیفٹی سیل'' کا قیام عمل میں لایا ہے۔ اس سیل میں ڈیوٹی سرانجام دینے والے اہلکاران، واسا فیلڈ سٹاف ورکرز میں انسانی جان کی حفاظت سے متعلقہ قوانین نہ صرف شعور اُجاگر کرنے کے لئے سرگرم عمل میں بلکہ واسا ورکرز کے مفاد میں ان قوانین اور رولز کے نفاذ کا عمل یقینی بنانے کے ذمہ دار بھی ہیں۔ علاوہ ازیں واسا سیفٹی سیل ضروری پیشہ وارانہ ٹریننگ کا انعقاد بھی وقتاً فوقتاً کرتا رہتا ہے نیز بینرز اور لیکچرز کے ذریعے فیلڈ سٹاف کو ضروری ہدایات کا اعادہ کروایا جاتا ہے۔



# کنزیومر سروے کا آغاز

پانی اور سیوریج کی سہولیات لینے والے واسا صارفین کا سروے جنوری 2017ء سے شروع کروایا جائے گا۔ واسا فیصل آباد کی جانب سے کروائے جانے والے اس Andriod Base Consumer Survey پر ڈیڑھ کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ سروے کو منظم انداز سے مکمل کرنے کی خاطر شہر کو پیکج A اور B دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ سروے کی مدت تکمیل کا دورانیہ 6 ماہ ہے۔ اس سروے کا مقصد سروسز حدود میں تمام گھریلو، کمرشل اور صنعتی صارفین کو واسا بلنگ نیٹ ورک میں شامل کیا جانا ہے۔ منصوبے کو فول پروف بنانے کی غرض سے سروے کی تصدیق ایک پرائیویٹ فرم سے کروائی جائے گی اور واسا نیٹ ورک میں شامل ہونے والے تمام صارفین کو ساتھ ساتھ ڈیمانڈ نوٹس جاری کیے جائیں گے۔ اس سلسلہ میں تمام ریونیو سب ڈویژن انچارجوں کو پابند کیا گیا ہے کہ اپنے علاقہ جات کے تمام کمرشل کنکشنوں کو فوری طور پر ریگولر کر کے سرٹیفکیٹ دیں کہ ان کے علاقہ جات میں کوئی غیر قانونی کنکشن باقی نہ ہے۔ عوام الناس سے اپیل کی گئی ہے کہ اپنے واٹر یا سیوریج کنکشنوں کو فوری طور پر ریگولر کروا لیں۔



# کوالٹی کنٹرول ڈویژن

کسی بھی پبلک یوٹیلٹی افیئرز سے وابستہ ادارہ کی اولین ترجیح کوالٹی کنٹرول اور معیار کی ضمانت ہوتی ہے۔ واسا فیصل آباد میں بھی اسی غرض سے اپنی سروسز کی ہر دو نیٹ ورکنگ لائنز کی دیکھ بھال اور تعمیر میں رولز اور ریگولیشنز کے مطابق درکار معیار کی موجودگی کو یقینی بنانے کے لئے کوالٹی کنٹرول ڈویژن کی طرف سے سائٹ پر واسا ریگولیشنز کے مطابق کوالٹی قائم رکھنے کی غرض سے معائنہ کاری کی جاتی ہے۔

اس ڈویژن کے ذمے:

۱) پراجیکٹ کی تعمیر و تکمیل کے دوران سٹینڈرڈ کوالٹی اقدامات کو یقینی بنانا۔

۲) ضروری معائنہ کاری کے ذریعے کام/ پراجیکٹ کی معیاری کوالٹی میں سے سقم کی دوری۔

۳) پائپ لائنز اور دیگر میٹریل کے معیاری ہونے کی ضمانت کی گارنٹی رکھنا شامل ہیں۔

کوالٹی کنٹرول ڈویژن کی واسا فیصل آباد میں موجودگی اور اس شعبہ کے فعال کردار کی بناء پر واسا فیصل آباد کے پراجیکٹس کا معیار اعلیٰ سطحی قرار دیا جاسکتا ہے۔





وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان منیجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز کے ہمراہ ویکلی ریویو میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں۔



# سالانہ ترقیاتی پروگرام

شہر میں واٹر سپلائی اور سیوریج کی سہولتوں میں توسیع اور بہتری کے لئے 10 سکیموں پر کام جاری ہے۔ ان اسکیموں پر لاگت کا تخمینہ 3-ارب 5 کروڑ روپے متوقع ہے۔ جب کہ رواں مالی سال کے دوران اس حوالے سے 1-ارب 12 کروڑ 30 لاکھ روپے کے فنڈز موصول ہو چکے ہیں اور ان اسکیموں پر 69 فی صد کام مکمل ہو چکا ہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر واسا سیّد زاہد عزیز نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سلمان غنی کو ایک بریفنگ کے دوران بتایا کہ حکومتِ پنجاب کی طرف سے رواں مالی سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں 13-ارب 75 کروڑ روپے کی لاگت سے دو نئی اسکیموں کی منظوری بھی دے دی گئی ہے۔ ان میں پینے کے صاف پانی کے وسائل کا توسیعی منصوبہ بھی شامل ہے۔ جو فرنچ حکومت کے اشتراک سے مکمل کیا جائیگا۔ جب کہ واسا کی طرف سے 25 کروڑ روپے کی لاگت سے شہر کے پسماندہ علاقوں کی پرانی اور بوسیدہ واٹر سپلائی لائنز تبدیل کی جا رہی ہیں۔



اربن یونٹ کے وفد نے کنسلٹنٹ ٹیم کے ہمراہ واسا مین آفس کا دورہ کیا اور مینجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز کی زیرِ صدارت پنجاب سٹی گورننس امپروومنٹ پراجیکٹ (PCGIP) کے تحت اگلے تین سال کا لائحہ عمل مرتب کرنے کے لئے اجلاس میں شرکت کی۔ پراجیکٹ کے تحت مربوط و مضبوط تنصیبات مینجمنٹ پلان کے لئے مشاورتی عمل مکمل کر لیا گیا ہے۔ ٹیکنیکل کمیٹی سے منظوری کے بعد پلان حتمی عملدرآمد کے لئے حکومتِ پنجاب کو بھیجا جائے گا۔





واسا فیصل آباد نے صارفین کے گھروں میں ''جتنا استعمال۔ اتنی ادائیگی'' کے فارمولے کے تحت واٹر میٹروں کی تنصیب کی حتمی منظوری دے دی ہے۔ اس منصوبے پر عملدرآمد فرنچ فنڈڈ پراجیکٹ کے تحت کیا جائے گا۔ واٹر میٹروں کی تنصیب کے بعد صارفین کو پینے کے صاف پانی کا بل میٹر ریڈنگ کے تحت ہی ادا کرنا ہوگا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر فرنچ پراجیکٹ کے مطابق واٹر میٹروں کی خریداری جلد مکمل کر لی جائے گی۔


Certified by
Pakistan Standards

تعارفی قیمت
-/50 روپے
ہوم ڈیلیوری
-/70 روپے




واسا واٹر
پینے کا محفوظ پانی





سابق ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (سروسز) واسا فیصل آباد شوکت محمود کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر فیئرویل پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اس پارٹی میں ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سلمان غنی، وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان، منیجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (انجینئرنگ) محمد خالد، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (سروسز) وسیم احمد ہاشمی، ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر (ایف اینڈ آر) عامر عزیز، ڈائریکٹر ایڈمن جعفر حسن باجوہ، ڈائریکٹر (آئی اینڈ سی) جبار انور چوہدری، ڈائریکٹر ریونیو (آئی اینڈ سی) زاہد پرویز سمیت تمام شعبوں سے آفیسران نے بھرپور شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور منیجنگ ڈائریکٹر واسا کی طرف سے شوکت محمود کی پیشہ وارانہ خدمات کو سراہا گیا اور شیلڈ پیش کی گئی۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر فیصل آباد نے وائس چیئرمین واسا اور منیجنگ ڈائریکٹر واسا کے ہمراہ شوکت محمود کو واسا فیصل آباد کی جانب سے ریٹائرمنٹ پر واجبات کے چیک پیش کیے۔





# دوستانہ کرکٹ میچ

واسا فیصل آباد کی طرف سے ڈی ایم ڈی (سروسز) الیون اور ڈی ایم ڈی (انجینئرنگ) الیون کے درمیان دوستانہ کرکٹ میچ کا انعقاد کیا گیا۔ اس فیسٹیول میچ کے مہمان خصوصی وائس چیئرمین واسا میاں عرفان منان تھے۔ بوہڑاں والی کرکٹ گراؤنڈ میں ہونے والے اس کرکٹ میچ میں DMD(E) الیون کے کپتان ڈپٹی ڈائریکٹر اکرام اللہ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 10 اوورز میں 71 رنز کا ٹارگٹ DMD(S) الیون کو دیا۔ کپتان اکرام اللہ نے 42 رنز اسکور کیے۔ جب کہ سروسز الیون کے ڈپٹی ڈائریکٹر عدنان گل نے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 6 وکٹیں حاصل کیں، جس میں ایک ہیٹ ٹرک بھی شامل تھی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر مخدوم بابر نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں سروسز الیون کے کیپٹن کامران اور عدنان گل کی عمدہ بیٹنگ کی بدولت 71 رنز کا ٹارگٹ ساتویں اوور میں حاصل کرلیا۔ میچ کے اختتام پر وائس چیئرمین عرفان منان نے مین آف دی میچ کی شیلڈ عدنان گل کو دی۔







ایمرجنسی سے نمٹنے کے لئے واسا آپریشنل سٹاف کو وائرلیس سیٹ فراہم کر دیئے گئے ہیں اور تمام آپریشنل گاڑیوں میں بھی وائرلیس سیٹوں کی تنصیب عمل میں لائی گئی ہے۔ واسا فیصل آباد کی اس کاوش سے یقیناً پیشہ وارانہ امور کی انجام دہی اور شکایات کو بروقت دور کرنے میں مزید بہتری آئے گی۔



مینجنگ ڈائریکٹر واسا سید زاہد عزیز کی دعوت پر ویسٹ واٹر اور انرجی مینجمنٹ کے حوالے سے تین ارکان پر مشتمل ترکش وفد نے واسا کا دورہ کیا۔ ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر (انجینئرنگ) واسا محمد خالد اور ڈائریکٹر آئی اینڈ سی جبار انور چوہدری نے وفد کا استقبال کیا اور باہمی دلچسپی کے امور پر مذاکرات کئے گئے نیز ڈائریکٹر آئی اینڈ سی نے واسا ورکنگ اور باہمی اشتراک سے متوقع ویسٹ واٹر، انرجی مینجمنٹ اور انوائرمینٹل مینجمنٹ کے شعبوں میں اشتراکِ عمل کا اسکوپ بیان کیا۔ ترکش وفد نے واسا کے ساتھ مستقبل کے مختلف منصوبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا۔




ڈینش وفد ایم ڈی واسا کے ہمراہ ٹریٹمنٹ پونڈز چکیرہ کا دورہ کرتے ہوئے۔





ریونیو (آئی اینڈ سی) واسا میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ریونیو آفیسرز اور بل ڈسٹری بیوٹروں میں واسا انتظامیہ کی طرف سے تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔ بعدازاں ڈائریکٹر ریونیو (آئی اینڈ سی) زاہد پرویز نے سٹاف کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے واسا نادہندگان سے واجبات کی وصولی میں مزید بھرپور کردار ادا کرنے کی ہدایت کی۔

واسا فیصل آباد نے صنعتی اور کمرشل صارفین کیلئے نئے ریٹ نافذ کر دیئے ہیں۔ 2006ء کے بعد واسا فیصل آباد کے اخراجات میں اضافوں کے باوجود ٹیرف میں اضافہ نہیں کیا گیا تھا۔ واضح رہے بہترین عوامی مفاد میں گھریلو صارفین کے ٹیرف میں اس بار بھی کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔


زندگی کا تصور پانی کے بغیر ممکن نہیں ہے
SAVE
WATER
پانی نعمت ہے،
اسے ضائع ہونے
سے بچائیں
پانی بچایئے اپنے لئے ......
اپنی آئندہ نسل کے لئے